# دفتر کنٹونمنٹ بورڈ، کھاریاں کینٹ

## شاندار نیلام عام

ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ کینٹونمنٹ بورڈ کھاریاں پارکنگ فیس کا ٹھیکہ برائے مالی سال 26-2025 ( یکم جولائی 2025 تا 30 جون 2026 ) کا شاندار نیلام عام مورخہ 23 2025 بوقت 11 بجے صبح دفتر کنٹونمنٹ بورڈ میں کر رہا ہے۔ کاروباری حضرات اسی نادر موقع سے فائدہ اٹھائیں۔ جن کی تفصیل مندرجہ ذیل ہے۔

| نمبر شمار | حقوق وصولی پارکنگ فیس | زرضمانت |
|---|---|---|
| 1۔ | پارکنگ فیس رکشہ سٹینڈ گیمن، ملحقہ ایم پی چیک پوسٹ اور نصیرہ پل، لنک روڈ نزد سی بی پبلک سکول اینڈ کالج سی بی میڈیکل سنٹر کے سامنے، صدر ایم پی چیک پوسٹ ملحقہ حبیب بینک۔ | مبلغ -/100,000 |

**شرائط:**

1۔ بولی میں حصہ لینے والا شخص کنٹریکٹر اچھی شہرت کا حامل ہونا چاہئے اور کسی بھی ادارے یا کمپنی کا نادہندہ نہ ہو۔

2۔ نیلامی میں حصہ لینے والے خواہشمند حضرات کو زرضمانت قبل از بولی جمع کروانا ہوگی جو بولی کے بعد کامیاب بولی دہندہ پہلے دوسرے اور تیسرے کے علاوہ تمام حضرات کو واپس کردی جائے گی۔

3۔ کامیاب بولی دہندہ کو بولی ختم ہوتے ہی فوری طور پر بولی کی رقم کا 1/4 حصہ موقع پر جمع کروانا ہوگا۔ کامیاب بولی دہندہ کی نکامی کی صورت میں دوسرے نمبر پر زیادہ بولی دہندہ کو Highest bid پر ٹھیکہ لینے کی پیشکش کی جائے گی اگر وہ بھی ایسا کرنے میں ناکام رہا تو تیسرے نمبر پر زیادہ بولی دینے والے کو Highest bid پر ٹھیکہ لینے کی پیشکش کی جائے گی۔ واضح رہے کہ موقع پر مذکورہ بولی کی ادائیگی میں ناکام رہنے والے بولی دہندہ کا زرضمانت بحق کینٹونمنٹ بورڈ کھاریاں ضبط کرلیا جائے گا جبکہ دیگر بولی دہندگان کا زرضمانت واپس کردیا جائے گا۔

4۔ کامیاب بولی دہندہ ٹھیکہ کی رقم دو اقساط میں ادا کرنے کا پابند ہوگا پہلی قسط کل رقم کا 1/2 کامیاب بولی کے ایک ہفتہ کے اندر ادا کرے گا۔ بقیہ ادائیگی 6 ماہ بعد ( جنوری 2026 ) میں ادا گری ہوگی۔

5۔ نیلامی میں حصہ لینے والے اشخاص اپنے کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ کی فوٹو کاپی دفتر ہذا میں بولی شروع ہونے سے قبل جمع کروائیں گے۔

6۔ کسی دوسرے شخص کی طرف سے بولی میں حصہ لینے کیلئے متعلقہ شخص کی طرف سے مختار نامہ اور کمپیوٹرائز شناختی کارڈ کی کاپی مہیا کرنا ہوگی۔

7۔ بولی کی حتمی منظوری کینٹونمنٹ بورڈ کی منظوری کے تابع ہوئی۔ کینٹونمنٹ بورڈ پیپر رولز 2004 کی شق نمبر 33 کے تحت کسی بھی بولی کو منظور یا مسترد کرسکتا ہے تاہم کونٹیشن، بولی مسترد ہونے کی صورت میں کینٹونمنٹ بورڈ کھاریاں وجوہات کا جواز پیش کرنے کا پابند نہ ہوگا۔

8۔ کسی بھی وجہ سے عدم ادائیگی یا وصولی نہ ہونے کی صورت میں ٹھیکیدار کینٹ بورڈ کھاریاں سے معاوضہ یا رعایت طلب کرنے کا مقدار نہ ہوگا۔

9۔ کامیاب بولی دہندہ پر لازم ہوگا کہ کینٹ بورڈ کھاریاں سے وقتاً فوقتاً جاری ہونے احکامات کی حسب ضابطہ پابندی کرے گا۔

10۔ کامیاب بولی دہندہ مروجہ قوانین کے مطابق انکم ٹیکس دینے کا پابند ہوگا۔

11۔ دیگر شرائط کسی بھی روز دفتری اوقات کار میں کینٹونمنٹ بورڈ میں دیکھی یا معلوم کی جاسکتی ہیں۔

نوٹ: مقررہ تاریخ کو بولی نہ ہوئے / مسترد ہونے کی صورت میں یا خاطر خواہ نتائج نہ ملنے کی صورت میں دوبارہ بولی مورخہ 24 2025 کو ہوگی اور اگر اس تاریخ کو بھی بولی نہ ہوئی تو پھر مورخہ 25 2025 کو سہ بار بولی ہوگی اور اس بارے میں کوئی علیحدہ اشتہار نہ دیا جائے گا۔

المشتہر

کینٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر،
کھاریاں کینٹ۔

CamScanner